

سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ فیصل آباد

سٹریٹیجک پالیسی یونٹ

انسٹیٹیوٹ آف لرننگ

محکمہ تعلیم

ٹیچرز ہینڈ بک (لینگویج)

(کچی تا کلاس سوئم)



سکول کی ہمہ جہت ترقی

(Whole School Development)

ماڈیول 308

(اگست 2006ء)



GHK in Association with
ARCADIS BMB
Management Consultants

DFID Department for International Development

تربیتی ماڈیول سیریز 300

City District Government Faisalabad
Strategic Policy Unit

Whole School Development: A Holistic Approach to Education

(GUIDANCE NOTE)

The trouble with education

In 2000 the Dakar Conference in Senegal rallied the international community to put education at the top of its agenda for development. It was based on a vision that education was a fundamental human right and held the key to unlocking the potential of millions of people across the globe ravished by poverty. What followed was a movement that had been gathering pace since the early 1990s and led to the formulation of a global framework captured by the strap line “Education for All”. South Asia was singled out as a region where education was facing the greatest number of hurdles. Other subsequent international meetings such as the World Summit for Children reinforced findings from Dakar and set the tone for what needed to be done at the national level by states. Pakistan committed itself to education reforms with a number of national interventions most notably the National Education Policy of 1992, the Social Action Programmes (SAP), the Ninth Five Year plans and more recently the National Education Sector Reform Programmes, all of which have education for all as their target.

In spite of these policy interventions education at the local level in Pakistan remains a challenge. Why is this so? The problem is complex but lies at the heart of the nexus between local government and its service delivery mechanisms. In Faisalabad district the education indicators are revealing. While gross enrolment rates appear healthy at 75% in primary schools, the completion rates are substantially lower, particularly for girls. It is believed that almost 50% of the district's children could be out of school. Many primary school posts are unfilled with most teachers at this level only educated to matriculation. In the face of such statistics how does Faisalabad's district government begin to tackle this “arrested development in education”? The answer may lie in an experiment being undertaken in Faisalabad Whole School Development (WSD).

What constitutes whole school development?

In Faisalabad City the District Government is developing a model, Whole School Development as an alternative approach to local education service delivery. If successful it could be an initiative that revolutionises education services in Faisalabad, possibly demonstrating to the rest of Pakistan how it could meet its international commitments and targets for achieving education for all. The vision is about improving the school environment for children and everything is aimed at ensuring that children are seen as pivotal to the process. Their views matter and their needs must be addressed.

The concept advocates changing the way relationships are viewed within the school and community. Working at the grass-roots level the approach supports locating training and resources at the union council level helping schools and communities to identify funding and improve teaching and learning resources. Similarly it embraces all schools in the community, public, private and religious to create a supportive community for all the children in an area. There is a demand and need for creating more child friendly school environments where none have existed previously. When asked schoolchildren have voiced such aspirations “*teachers should respect and love their children*” said one elementary school student in Faisalabad City. Another demanded that teachers should be “*regular, polite, honest and hardworking*” and that she would like enough equipment to be able to take “an interest in science and have access to a library so as to enhance her knowledge and vision”.

So who champions this approach? Head teachers, school councils, parents and communities come together to ensure that children are given access to good, effective and interesting education experience the aim being to ensure that they complete schooling. Teachers having proven interest in training and improving education in the district have been trained as master trainers. Support from the community is seen as critical to the success of the process and therefore one member is trained along with the head teacher in the initial stages.

<u>Key components of whole school development</u>




During 2005-6, the programme was piloted in 100 schools in three Towns of the district Tandlianwala, Samundari and Faisalabad City and is now being developed as a model in 500 schools up to 2008.

Training is a critical feature and a new facility for teacher training and professional development, the Institute of Learning, was recently inaugurated to support the programme. Traditional cascade training approaches have failed to change classroom environments for children, neither improving their learning or pedagogy within schools. The failure of these approaches merely compounded more systemic problems. While some training opportunities have existed for teachers *in service* these fell short of what was needed to turnaround the fortunes of education services in the district. The programmes also failed to address *pre-induction* needs - an area that is considered equally important by those in the profession. Moreover courses that were delivered were often held on a sporadic basis and tended to be poorly planned. These courses rarely reflected classroom reality or curricular changes. A different set of problems presented themselves for teachers working in remote rural settings with teachers excluded because they are considered too remote and therefore simply not invited to participate in professional development opportunities, particularly women. The Education Department admits to rarely inviting teachers from rural areas, one argument presented frequently that teachers from far flung areas cannot afford to travel to city training centres. The provisions for meeting training needs in Faisalabad has thus remained limited, although now the new Institute will offer a fresh and more organized approach to meeting the district's needs with the development of satellite training centres close to schools.


The current decentralization impetus supports grass-roots bottom up interventions and the experience of whole school development in countries such as China, India and South Africa supports the view that shared priorities and targets help schools and communities to work together to improve resources. Community ownership of education motivates and helps participatory monitoring of schools.

The Institute of Learning is then at the forefront of implementing whole school development in three phases. In the first phase master trainers from the Institute are given the mandate to sensitize school heads, teachers, communities and parents on whole school development. The team then carries out a detailed analysis of the training needs attainment levels of head teachers and teachers in schools which serve as a baseline. This information is shared with parents and school councils. Head teachers are then trained in how to prepare school development plans. The second phase focuses on working with school heads to finalize their development plans. In the third phase intensive subject-based teacher training is conducted with teachers in schools with the emphasis on developing a child friendly classroom environment, lesson planning and activity based learning. Finally communities, parents and school councils are invited to give their feedback to school heads on how they viewed the training.

<u>The whole school development process in action</u>



This new holistic approach offers an opportunity to tackle the problems facing education in Faisalabad with the training being delivered through a modular approach utilizing purpose-developed materials:



Note: The actual modules which have been developed (Module 1, 2, 5 and 6) and are currently in use are identified in 'bold' and are available for viewing and downloading (www.spu.com.pk). Those still under preparation are identified in italic (Module 3, 4, 7, 8 and 9).

پیش لفظ (Foreword)

پاکستان میں اگر مجموعی طور پر تعلیمی صورت حال پر نظر ڈالی جائے تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ مختلف مضامین کے نصاب کے علاوہ طریقہ ہائے تدریس کو بھی عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق جدید طریقوں پر استوار کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ خاص طور پر زبان سیکھنے کا عمل بے حد پیچیدہ ہے کیونکہ بچوں کو بیک وقت کم از کم تین زبانیں سیکھنی پڑتی ہیں۔ علاقائی زبان، اردو اور انگلش۔ اس صورت حال سے بچے اور اساتذہ دونوں پریشان ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ دوسرے مضامین کے ساتھ ساتھ زبان سیکھنے اور سکھانے کے لئے بھی جدید طریقوں کو بروئے کار لایا جائے۔

اس مقصد کے حصول کے لئے مختلف ادوار میں مختلف اداروں اور حکومت کی طرف سے پیش رفت ہوتی رہی ہے۔

سکول کی ہمہ جہت ترقی کا پروگرام بھی ایک ایسی ہی کوشش ہے جو فیصل آباد کے تعلیمی اداروں میں بچوں کو مؤثر اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کے سلسلے میں کی جارہی ہے۔ اس منصوبے کے تحت ہماری ٹیم نے اپنے پائیلٹنگ فیز (Piloting Phase) کے دوران سکولوں میں جا کر تدریس زبان میں اساتذہ کو پیش آنے والی مشکلات کا جائزہ لیا اور ان کی تربیت کی۔ اس تربیت کے دوران Activity Based Learning کو آزمایا گیا۔ مختلف Activities کو اساتذہ نے بچوں کے ساتھ کیا تو بچوں نے نہایت آسانی اور دلچسپی کے ساتھ سیکھا۔ لیکن یہ امر بھی نہایت اہم تھا کہ تربیت کے بعد اساتذہ کے پاس کوئی مواد ہو جس کی مدد سے وہ تربیت کے دوران سیکھے ہوئے طریقوں کو سکولوں میں جا کر استعمال کر سکیں اور اس سے رہنمائی بھی حاصل کرتے رہیں۔

ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ، فیصل آباد، کے تحت سٹریٹیجک پالیسی یونٹ (Strategic Policy Unit - SPU) کی زیرِ نگرانی انسٹی ٹیوٹ آف لرننگ (Institute of Learning - IOL) فیصل آباد میں اساتذہ کیلئے Language Hand Book تیار کی گئی ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ یہ کتاب اساتذہ کو نہ صرف جدید طریقہ ہائے تدریس سے روشناس کرائے گی بلکہ بہتر تعلیمی نتائج حاصل کرنے میں بھی ممد و معاون ثابت ہوگی۔

رانا زاہد توصیف

سٹی ڈسٹرکٹ ناظم فیصل آباد

دیباچہ (Preface)

کسی بھی ملک کی ترقی کا زینہ، تعلیم، تعلیم اور فقط تعلیم ہے۔ جب تک ملک کے تمام شہروں، قصبوں اور دیہاتوں میں تعلیم عام نہ ہوگی، ملک ہرگز ترقی کی شاہراہ پر گامزن نہ ہو سکے گا۔ یہی وہ احساس تھا جس نے حکومتِ پنجاب کے Motto ہمارا خواب ، پڑھا لکھا پنجاب کو جنم دیا۔ چنانچہ میرے لئے یہ باعثِ فخر ہے کہ حکومتِ پنجاب کے اس نصب العین نے ضلع فیصل آباد میں ایک تحریک کی صورت اختیار کر لی ہے اور اب محکمہ تعلیم، سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ فیصل آباد کی تمام پالیسیوں اور منصوبوں کا محور بچے کے سیکھنے کے عمل کی بہتری، معیارِ تعلیم کی بلندی اور شرحِ داخلہ میں اضافہ ہے۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب ہمارے استاد کو نہ صرف نفسِ مضمون پر عبور ہو بلکہ وہ تدریس کے ایسے اصولوں، مہارتوں اور رویوں سے لیس ہو جنکی بدولت ہمارا بچہ سکول سے بھاگے نہیں بلکہ سکول کی طرف بھاگے۔۔۔۔۔۔۔ بھاگتا ہوا آئے۔ سکول میں اس کیلئے دلچسپی کا سامان اور دوستانہ ماحول موجود ہو۔ اسی وجہ سے محکمہ تعلیم ڈسٹرکٹ گورنمنٹ فیصل آباد کی زیرِ نگرانی سٹریٹجک پالیسی یونٹ (Strategic Policy Unit - SPU) کے تحت انسٹی ٹیوٹ آف لرننگ (Institute of Learning - IOL) فیصل آباد ایک منفرد تصور یعنی سکول کی ہمہ جہت ترقی (Whole School Development - WSD) کے تصور کو فروغ دینے کیلئے کام کر رہا ہے۔

یہ تصور، بہت سے ممالک مثلاً جنوبی افریقہ، چین، انڈونیشیا، انڈیا وغیرہ میں تعلیم میں بہتری لانے میں کامیاب رہا ہے۔

IOL کی ٹیم اس مقصد کیلئے نہ صرف اساتذہ کو مختلف مراحل میں تربیت دے گی بلکہ اساتذہ کیلئے، سائنس، ریاضی اور زبان دانی (English & Urdu) میں ٹیچر ہینڈ بک بھی فراہم کرے گی تاکہ تربیت کے بعد بھی اساتذہ اس سے استفادہ کر سکیں۔ زیرِ نظر کتابچہ زبان دانی (English & Urdu) کے اساتذہ کیلئے نہایت لگن اور محنت سے تیار کیا گیا ہے۔ اس کتابچے میں پاکستان کے سکولوں میں زبان سیکھنے کے دوران پیش آنے والے مسائل کو بھی مدِ نظر رکھا گیا ہے۔ واضح رہے کہ ہمارے ملک میں بچے کو ایک وقت میں کم از کم تین زبانیں سیکھنا پڑتی ہیں؛ علاقائی زبان، قومی زبان اور بین الاقوامی زبان (English)۔ ان میں سے کسی بھی زبان کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ زبان دانی کے اس پیچیدہ عمل کو بچے اور استاد، دونوں کے لئے دلچسپ اور سہل بنایا جائے۔ چنانچہ یہ کتابچہ اساتذہ کو نہ صرف نفسِ مضمون پر عبور حاصل کرنے میں مدد دے گا بلکہ ان کو جدید طریقہ ہائے تدریس اور مہارتوں سے مزین کر کے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بھی اجاگر کرے گا۔

مجھے امید ہے کہ سکول کی ہمہ جہت ترقی (Whole School Development - WSD) کے فروغ میں یہ ممد و معاون ثابت ہوگا اور انشاءاللہ ضلع فیصل آباد، دوسرے اضلاع کیلئے تعلیم کے شعبہ میں ایک ماڈل کے طور پر سامنے آئے گا۔

میجر (ریٹائرڈ) اعظم سلیمان خان
ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر
سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ فیصل آباد

فہرست عنوانات

چھوٹے بچے Language کیسے سیکھتے ہیں:

زبان اپنے جذبات اور احساسات دوسروں تک پہنچانے کا ذریعہ ہے۔ دوسروں کے ساتھ ربط کیلئے ہم زبان استعمال کرتے ہیں۔ اس ربط کے بغیر چھوٹے بچے زبان نہیں سیکھ سکتے۔ ایسے بچے جو انسانوں سے الگ تھلگ جنگلوں میں پلے بڑھے جب وہ دوسرے انسانوں کو ملے تو نہ وہ بول سکتے تھے اور نہ انہیں بعد میں بھی بولنا سکھایا جا سکا۔ Brunar نے کہا ہے کہ Language دروازے پر لگی گھنٹی کی طرح ہے جسے بجانے کیلئے کسی کو اسے دبانا پڑتا ہے۔ Chomsky نے کہا ہے کہ ہر بچے میں پیدائشی طور پر زبان سیکھنے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے اور اس کے ذہن میں ایک فطری گرامر ہوتی ہے جس کی مدد سے وہ مادری زبان سیکھتا ہے۔

ساری دنیا میں بڑے لوگ بچوں کے ساتھ توتلی زبان میں بات کرتے ہیں، ایسا اکثر مائیں کرتی ہیں۔ لیکن اکثر اوقات باپ اور ارد گرد موجود دوسرے لوگوں کو بھی ایسا انداز اپناتے ہوئے دیکھا گیا ہے۔ ہم دنیا کو سمجھنے، لوگوں تک اپنی بات پہنچانے اور دوسروں کی بات سمجھنے کیلئے الفاظ استعمال کرتے ہیں اور یہی Language کا سب سے بڑا استعمال ہے۔ اسی طرح بچے سوالات کرنے، نام رکھنے، اپنے خیالات کا تبادلہ دوسروں کے ساتھ کرنے اور دنیا کے بارے میں جاننے کیلئے زبان کا استعمال کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تین سال کا بچہ کیا، کیسے، کیوں جیسے سوالات کرتا ہے۔ مختلف عمر میں بچوں میں الفاظ کے بارے میں نئی سوجھ بوجھ پیدا ہوتی ہے۔ پہلے وہ الفاظ کو صرف ان چیزوں کیساتھ منسلک کرتے ہیں جنھیں وہ دیکھ سکیں، چھو سکیں یا محسوس کر سکیں، بعد میں وہ ان چیزوں کے نام سیکھتے ہیں جنھیں وہ دیکھتے ہیں۔ تین سال کی عمر تک وہ کسی چیز کی تصویر کو پہچان کر اس کو نام دے سکتے ہیں۔ وہ تخیلاتی طور پر دنیا کو جاننے کیلئے مختلف کھیل کھیلتے اور روپ دھارتے ہیں۔ آخر کار چار پانچ سال کی عمر تک وہ خود سے مختلف الفاظ کو Draw کرنے اور لکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بچے عملی طور پر کام کرنے سے زبان کو سیکھتے ہیں اس لئے بچوں کو مختلف کاموں میں شریک کرنا زبان سیکھنے کا فعال طریقہ ہے۔

بچوں کے زبان سیکھنے کے عمل کو مختصراً اس طرح بیان کیا جاسکتا ہے۔

- وہ زبان ایسے ماحول میں سیکھتے ہیں جہاں انہیں اسے استعمال کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔
- وہ مشق کے ذریعے سیکھتے ہیں۔
- وہ ایسی سرگرمیوں کے ذریعے سیکھتے ہیں جو کرنے میں دلچسپ ہوں اور زیادہ پیچیدہ نہ ہوں۔

ہمارے سکولوں میں تدریسِ زبان کی موجودہ صورتحال:


پرائمری سکول میں سیکھنے کے عمل میں بچوں کو سب سے زیادہ جس چیز میں مشکل پیش آتی ہے وہ یہ ہے کہ انہیں ایسی زبان میں پڑھنا پڑتا ہے جو ان کی مادری زبان نہیں ہے۔ تمام مضامین کی تدریس کا بنیادی ذریعہ زبان ہی ہے۔ اس لیے یہ انتہائی ضروری ہے کہ بچوں کو پڑھنا اور لکھنا اچھی طرح سے آجائے۔ بچے جب سکول آتے ہیں تو وہ کم از کم ایک زبان (مادری زبان) بولنا سیکھ چکے ہوتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بچوں کی پہلے سے سیکھی ہوئی زبان کی مہارتوں کو ہم سکول میں کس طرح سے استعمال کر سکتے ہیں۔ اسکے لیے مندرجہ ذیل باتیں مدد دے سکتی ہیں۔



- جہاں بھی ممکن ہو استاد اردو اور پنجابی زبانوں کو اکٹھا استعمال کرے۔
- جب آپ بچوں کو کوئی کام کرنے کیلئے کہیں تو وہ اردو اور پنجابی دونوں زبانوں میں کہیں تا کہ بچے روزمرہ کی اردو کو سمجھ سکیں۔
- کمرۂ جماعت میں کہانیوں اور تصویروں کو زیادہ سے زیادہ استعمال کیا جائے۔
- جب آپ سوال پوچھیں تو وہ اردو اور پنجابی دونوں میں پوچھیں، پھر جب بچے پنجابی میں جواب دیں تو ان کا جواب سنیں لیکن بچوں کے جواب کو اردو میں دہرائیں۔
- الفاظ کا بار بار دہرایا جانا بہت اہم ہے لیکن یہ بامعنی ہونا چاہیے۔ الفاظ کا محض دہرانا بچے کیلئے کوئی معنی نہیں رکھتا۔ کہانیاں، نظمیں اور نغمے بار بار دہرانے سے بچوں میں اردو کے بنیادی ذخیرۂ الفاظ میں بہتری آتی ہے۔

اب ہم ان چیزوں کے بارے میں بات کرتے ہیں جو بچوں کو اچھی اردو سیکھنے میں مدد دے سکتی ہیں:


- اردو کو کلاس کے کاموں اور ادب و آداب کے لئے استعمال کیا جائے۔
- کلاس روم میں موجود چیزوں پر اردو اور انگلش میں لکھے ہوئے نام چسپاں کیے جائیں۔
- کلاس روم میں Shared Reading کو زیادہ سے زیادہ استعمال کروایا جائے۔
- بچوں سے میرا خاندان، میرا گھر، میرے جانور، میرا اسکول وغیرہ کے متعلق چیزوں یا کہانیوں کی ڈرائنگ کروائی جائے اور پھر ان تصاویر پر ان چیزوں کے نام لکھے جائیں۔
- چھوٹے بچے کوئی کہانی سنائیں اور کوئی بڑا بچہ یا استاد اسے لکھے۔
- بچے اگر کوئی بات بتانا چاہتے ہیں تو انہیں پنجابی میں بتانے دیں اور پھر اسے اردو میں دہرائیں۔



کمرۂ جماعت میں استعمال ہونے والی کئی زبانوں کو آپ بچوں کے تصورات کو پختہ کرنے اور ان کی وضاحت کیلئے بڑی اچھی طرح استعمال کر سکتے ہیں جس سے آپ آئندہ اچھے نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ اس لیے کثیر اللسان کلاس روم کو ایک رحمت سمجھا جائے نہ کہ زحمت۔

پاکستان میں ایسی چیزیں آسانی سے مل جاتی ہیں جن پر کچھ نہ کچھ لکھا ہوتا ہے۔ مثلاً ماچس کی ڈبیہ، پوسٹرز، اشتہارات، خوراک کے ڈبے، تھیلے اور مختلف دکانوں کے اشتہارات وغیرہ۔ یہ تمام چیزیں اردو اور انگلش کو بہتر بنانے کیلئے استعمال ہو سکتی ہیں۔ استاد اور بچے ایسی تمام چیزیں اکٹھی کریں جن پر کچھ نہ کچھ لکھا ہوا ہو اور انہیں کمرۂ جماعت میں جمع کریں۔

اسی طرح



یہ تمام چیزیں بچوں میں دلچسپی پیدا کرتی ہیں۔ جہاں ممکن ہو چیزوں کے نام اردو اور انگلش دونوں زبانوں میں لکھے جائیں تا کہ وہ دونوں زبانوں کے حروفِ تہجی کو ساتھ ساتھ پڑھ سکیں۔ اگر آپ ایک سے زیادہ کلاسوں کے بچوں کو پڑھاتے ہیں تو بڑے بچوں کو چھوٹے بچوں کے لیے کہانیاں پڑھ کر سنانے، مختلف چیزیں لکھنے اور الفاظ لکھنا سکھانے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

چھوٹے بچوں کو تدریسِ زبان میں کیا کچھ سکھانے کی ضرورت ہے؟

اردو اور انگریزی زبان میں مناسب مہارت حاصل کرنے کیلئے بچوں کو سننے اور بولنے میں کافی مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ جبکہ پڑھنے اور لکھنے میں مہارت حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ وہ جانیں کہ لکھنے اور پڑھنے کا مقصد کیا ہے۔ اس مقصد کو وہ

- آپس میں بات چیت
- کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کرنے
- کہانیوں اور نظموں کو مل کر پڑھنے
- Problem solving
- اور Role play کے ذریعے سمجھ سکتے ہیں۔



بچے لکھنا سیکھنے سے پہلے ڈرائنگ کر سکتے ہیں جس کے ذریعے وہ:

- اپنی بات دوسروں تک پہنچا سکتے ہیں۔
- اپنے تخیل کا اظہار کر سکتے ہیں۔
- اپنی حسی ذہن کی مہارتوں کی مشق کر سکتے ہیں۔




نرسری سے تیسری جماعت تک زیادہ سے زیادہ ڈرائنگ کروائی جائے اور ڈرائنگ کو بچوں کے خیالات، اپنے استاد اور آپس میں ایک دوسرے تک پہنچانے کے لئے استعمال کیا جائے۔ بچوں کو خود ڈرائنگ کرنے دی جائے۔ استاد ان کے لیے ڈرائنگ نہ کرے جسے بچے کاپی کریں۔ بچوں کی بنائی ہوئی ڈرائنگز کو کمرۂ جماعت میں آویزاں کیا جائے اور بچوں سے کہا جائے کہ جو کچھ انہوں نے بنایا ہے اس کی کہانی دوسرے بچوں کو بار بار سنائیں۔

بچوں کے کیے گئے کام کو کلاس روم کی دیواروں پر آویزاں کرنے سے کلاس روم کے ماحول کو لکھنے، پڑھنے اور ڈرائنگ کرنے میں مددگار بنایا جاسکتا ہے۔ ہر کلاس روم میں کچھ جگہ یا کوئی کونہ لکھائی کے کام کے لئے مخصوص ہونا چاہیے۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ مختلف قسم کے کاغذ، کارڈز، گتے کے ڈبے، سنہری اور چمکیلے رنگ دار کاغذ، بیگ اور لفافے اکٹھے کر کے لائیں۔ یہ تمام چیزیں کاٹ کر لکھنے اور ڈرائنگ بنانے کیلئے استعمال کی جاسکتی ہیں۔

یہ تمام کاغذات وغیرہ ایک ڈبے میں رکھے جائیں اور اس ڈبے پر اردو اور انگلش میں "کاغذات" لکھا جائے۔ اسی طرح پنسلیں اور رنگ رکھنے کے لئے خالی ڈبے استعمال کیے جاسکتے ہیں جن پر ان میں رکھی جانیوالی اشیاء کے نام اور ان کی تعداد اردو اور انگلش میں لکھ کر چسپاں کیے جائیں۔ بچوں کو اپنے کیے گئے کام کو دوسروں کو دکھانے اور کلاس میں آویزاں کرنے کا موقع دیا جائے اس طرح وہ لکھنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔



کمرہ جماعت میں پوسٹ بکس رکھنے سے بچوں میں بامقصد لکھائی کی حوصلہ افزائی کی جا سکتی ہے۔ اسی طرح کلاس روم کی دیواروں کے نچلے آدھے حصے کو کالا رنگ کر کے تختہ سیاہ کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جس پر بچے چاک سے لکھیں اسی طرح تختہ سیاہ کا کچھ حصہ Message Board کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ جس پر ٹیچر بچوں کے لئے کوئی پیغام یا ہدایت لکھ سکتا ہے اور بچے بھی اپنے پیغامات لکھ سکتے ہیں۔



No cost/low cost ways of creating a Language environment in the classroom

بعض اوقات ایک کمرے میں مختلف جماعتیں ہوتی ہیں اور اگر کلاس روم صرف ایک ہی جماعت کیلئے ہو تو اس میں اچھا ماحول پیدا کرنا آسان ہوتا ہے لیکن اگر زیادہ کلاسوں کیلئے بھی ایک ہی کلاس روم استعمال کیا جارہا ہو تو پھر بھی ٹیچر کلاس روم میں ایک Language environment Y Z پیدا کرسکتا ہے۔اس کے چند طریقے حسبِ ذیل ہیں۔

کلاس روم میں کام کی نمائش:

ایک اچھے کلاس روم میں نوٹس بورڈ اور نمائش کیلئے کچھ مخصوص جگہیں ہونی چاہیں۔ بچّوں کے کام کو مناسب اونچائی پر لگایا جائے تاکہ وہ آسانی سے اسے دیکھ سکیں۔ بچّوں کے لکھے ہوئے کام کو رنگدار پیپر یا کارڈ پر لگایا جاسکتا ہے۔ لکھے ہوئے چارٹ اتنے بڑے ہونے چاہیں کہ وہ کلاس روم میں آسانی سے دیکھے اور پڑھے جاسکیں۔ بچّوں کے لکھنے کیلئے دیواروں کا نچلا حصہ یا تختۂ سیاہ کا آدھا نچلا حصہ مخصوص ہونا چاہیے۔
بچّوں کے کام کی نمائش کیلئے کمرۂ جماعت کی دیواروں پر رسی وغیرہ باندھی جاسکتی ہے لیکن اس بات کا خیال رکھیں کہ رسی کی اونچائی بچّوں کے لحاظ سے مناسب ہو تاکہ بچّے پڑھ سکیں اور تصویریں دیکھ سکیں۔

- بچّوں کے کام کو کسی کپڑے پر بھی آویزاں کیا جاسکتا ہے جسے بعد میں آسانی سے تہہ کر کے کلاس روم میں محفوظ رکھا جاسکے۔
- کلاس روم میں لکڑی کا بورڈ مناسب اونچائی پر لگایا جائے اور اس پر بچّوں کے کام کی نمائش کی جائے۔
- رسّی پر کاغذ کو لٹکانے کیلئے گوند یا پنیں (pins) استعمال کی جاسکتی ہیں۔اس کے علاوہ کپڑے پر کاغذ آویزاں کرنے کیلئے کامن پنیں (common pins) استعمال کی جاسکتی ہیں۔



کلاس روم میں ریڈنگ کارنر:

بچوں میں پڑھنے کی عادت پیدا کرنے کیلیے مواد کا ہونا ضروری ہے۔ یہ مواد چھوٹی کتابیں، میگزین یا بچوں کی اپنی تیار کی ہوئی کتابیں ہو سکتی ہیں۔ ریڈنگ کارنر بنانے کیلیے ایک عارضی شیلف، کھڑکی کیساتھ لگائی جاسکتی ہے، کوئی پرانا ڈبہ یا میز استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ کپڑے پر پنیں لگا کر کتابیں اور پڑھنے کا مواد رکھا جاسکتا ہے۔ ریڈنگ کی جگہ کو بچوں کیلیے آرام دہ اور خوشگوار بنانے کیلیے چٹائی، گھاس والے تھیلے اور کرسیاں استعمال کی جاسکتی ہیں۔



بچوں کے استعمال کیلیے وسائل کی تیاری:

پنسلیں، کاغذ، رنگ، قینچی اور گوند کسی ایسی جگہ رکھیں جہاں سے بچے ان چیزوں کو آسانی سے استعمال کر سکیں۔ بچوں کو دی گئی چیزیں واپس لینے کیلیے ایک مانیٹر مقرر کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان چیزوں کی تعداد پوری ہے۔ لکڑی کا ایک مربع شکل کا ٹکڑا لیں جس میں سوراخ ہوں تا کہ ان میں رکھی ہوئی پنسلیں آسانی سے گنی جاسکیں۔ لکڑی کے اس ٹکڑے پر قینچی اور پیمانے وغیرہ کی شکلیں کنداں کی گئی ہوں تا کہ آپ ایک ہی نظر میں دیکھ لیں کہ ہر چیز واپس اپنی جگہ پر موجود ہے۔ کاغذ، رسالے، کارڈ کے کٹے ہوئے ٹکڑے اور ڈبے وغیرہ کمرۂ جماعت میں آسانی سے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔



سننا اور بولنا Listening & Speaking

درحقیقت زبان کی چار مہارتیں (Listening, Speaking, Reading & Writing) کبھی بھی الگ الگ استعمال نہیں ہوتیں چاروں نہیں تو کم از کم دو مہارتیں لازمی طور پر مربوط صورت میں استعمال ہوتی ہیں۔ اس لیے ہم llstenting اور Speaking کا ایک ساتھ ہی ذکر کریں گے۔ بچوں کے لئے Listening اور اسکی مشق کے لئے انگلش ماڈل بنانا ایک مشکل عمل ہے۔ جو انگلش کلاس روم میں استعمال ہوتی ہے وہ زیادہ تر ہدایات پر مشتمل ہوتی ہے۔ مثلاً

- Do this.....................
- Show me.................
- Bring that.................
- Open the door.......

بچوں کو Listening سکھانے کیلئے مندرجہ ذیل طریقے اور سرگرمیاں استعمال کی جاسکتی ہیں:

- بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ ٹیچر اور خود ایک دوسرے کی بات غور سے سنیں۔
- انہیں کہانیاں سنائیں، آپ صرف سنائیں اور بچے کو سننے دیں۔
- کہانیاں پڑھیں۔ کہانی میں موجود تصویروں کے متعلق بات چیت کرنے، پیش گوئی کرنے اور اس کہانی کے مرکزی خیال کو اخذ کرنے میں بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ:

- اپنی زندگی
- کسی سفر
- مختلف واقعات
- سکول آتے ہوئے راستے میں دیکھی جانیوالی چیزیں
- کسی ایسے خیال کے متعلق کہانیاں سنائیں جو وہ خود سوچ رہے ہوں

Circle time

Listening کو بہتر کرنے کیلئے Circle time بہت اچھی گیم ثابت ہو سکتی ہے۔ ہر صبح بچے اور ٹیچر دائرہ میں بیٹھیں اور پوری کلاس کو کوئی بات بتائیں۔ ٹیچر بچوں کی حوصلہ افزائی کرے کہ وہ ایک دوسرے کی بات غور سے سنیں، سوالات کے جوابات دیں اور جو کچھ وہ کہہ رہے ہیں اس پر رد عمل کا اظہار کریں۔

- اگر آپ بچوں میں اپنے احساسات بیان کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا چاہتے ہیں تو ایک کھیل کھیلیں جس میں ایک بچہ اپنے ہاتھ میں ایک گیند پکڑے اور اپنے جذبات کا اظہار کرے جبکہ باقی کلاس اس کو سنے۔ مثلاً کس بات نے آپ کو خوش کیا؟ کس نے ناراض کیا؟ کس نے آپ کو افسردہ کیا؟ آپ بڑے ہو کر کیا بنیں گے؟ یا اپنی فیملی کے متعلق کوئی ایسا موضوع لیں جس میں بچے کے احساسات شامل ہوں۔ بچے صرف اس وقت بول سکتے ہیں جب ان کے ہاتھ میں گیند ہو، اگر وہ کچھ نہ کہنا چاہیں تو خاموشی سے گیند اگلے بچے کو دے دیں۔
- Role play، ڈرامہ اور مکالمہ Listening اور Speaking کو بہتر بنانے کیلئے بہت اچھی سرگرمیاں ہیں جو کہ بچوں سے چھوٹے چھوٹے گروپس میں بنوائی جا سکتی ہیں اور پھر پوری کلاس کے سامنے ان کو پرفارم کیا جا سکتا ہے۔
- ایسے بچے جو پوری کلاس کے سامنے بولنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتے ہیں Puppet activity ان کے لئے بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ اس میں ایک فرضی کردار ایک کٹھ پتلی کی شکل میں ہوتا ہے جسے اس بچے کے دوست کے طور پر متعارف کروایا جاتا ہے۔ بچہ اپنے اس فرضی دوست سے بات بھی کرتا ہے اور پھر اس کی جگہ خود جواب دیتا ہے۔ اس طرح یہ بچے کے بولنے، سننے اور کسی بھی موضوع کے بارے میں سوچنے کی صلاحیت پیدا کرتی ہے۔ یہ کسی بھی Language کو سکھانے میں بہت اہم ہے۔



- بچہ کسی بھی چیز یا واقعہ کو بیان کرے اور اس کا ساتھی اسکی ڈرائنگ کرے۔
- تصویر کا استعمال: تصویر میں بہت سی اشیاء ہوں۔ ٹیچر ان کے متعلق کچھ فقرات بولے اور بچے اس تصویر میں سے اس خاص چیز کو ڈھونڈیں۔
- ہدایات کی پیروی: کمرہ جماعت میں دی جانے والی ہدایات کی پیروی کرنا۔ مثلاً
- Sit down
- Stand up
- Shut the door
- Open your books

وہ کھیل جو بچوں کے ذخیرۂ الفاظ، تلفظ، اردو اور انگلش میں Sounds اور کسی لفظ کے ابتدائی اور آخری حروف کی پہچان میں مدد کر سکتے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں:

Teacher says......

- Teacher says, 'Touch your nose'
- Teacher says, 'Clap your hands'
- Teacher says, 'Move around'
- Teacher says, 'Tap your head'

جب تک action سے پہلے "Teacher says" نہ کہا جائے اسے پرفارم نہ کیا جائے۔

- تصویر کے متعلق باتیں کرنا:

کہانی میں موجود تصویروں سے متعلق گفتگو کرنا جس میں ٹیچر بچوں سے ایسے سوالات کرتی ہے جن کے جوابات تمام بچے اپنے تصورات اور اپنے ماحول کے مطابق دیں گے۔ جیسا کہ تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟ آگے کیا ہوگا؟ کیا ہوگا اگر۔۔۔۔۔۔؟ وہ کیا محسوس کرتا ہے؟

- میری آنٹی بازار گئیں اور وہ وہاں سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔خرید کر لائیں (ہر بچہ خالی جگہ پُر کرنے کیلئے کسی چیز کا نام بولے گا اور اگلا بچہ اپنے سے پچھلے ساتھیوں کی بتائی ہوئی چیزوں کو دہرائے اور خود بھی ایک لفظ کا اضافہ کرے)

ایک کہانی کو بہت سے طریقوں سے دوبارہ بیان کیا جاسکتا ہے:

- بچے کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
- مکالمہ یا ڈرامہ بنا کر پیش کریں۔
- جملوں کی مدد سے کہانی کو بیان کریں۔
- تصویری صورت میں کہانی کی ڈرائنگ کریں (مزاحیہ خاکے کی صورت میں)
- ایک چھوٹی سی کتاب کی صورت میں وہ کہانی بنائیں۔
- کوئی پوسٹر بنائیں۔



کہانی کے سیاق وسباق میں ذخیرۂ الفاظ کو یاد کرنا، گیت، نظم یا چارٹ بنانا بہت اہم ہے۔ اگر بچے ایک دفعہ دلچسپ انداز میں الفاظ اوران کے مفہوم کو یاد کرلیں تو وہ الفاظ کو استعمال بھی کرسکتے ہیں اور الفاظ میں حروف کو بھی دیکھ کر پہچان سکتے ہیں۔

پڑھنا اور لکھنا کیسے شروع کیا جائے Reading & Writing

بچوں کو پڑھنا اور لکھنا سکھانے کے لیے کسی تصویری کتاب یا سادہ کہانیوں کی Big Book سے شروع کرنا بہت مفید ہوتا ہے۔ اردو اور انگلش میں Big Book کی Shared Reading ایک ایسی سرگرمی ہے جس سے بچے نہ صرف لطف اندوز ہوتے ہیں بلکہ پڑھنا اور لکھنا بھی سیکھتے ہیں۔ Shared Reading باہمی مطالعہ کا تجربہ ہے۔ بچے استاد کی راہنمائی میں نمایاں حروف میں لکھی گئی کتاب کو پڑھنے کے لئے دائرے میں اکٹھے بیٹھتے ہیں اور پڑھنے کے عمل میں شامل ہوتے ہیں۔ Shared Reading میں عام طور پر بڑے لفظوں والا متن استعمال کیا جاتا ہے۔ جس کو بچے آسانی سے دیکھ سکیں۔ اونچی آواز میں پڑھنا Shared Reading میں بچوں کی باہمی شمولیت کی ایک اہم خصوصیت ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ بچوں کے لیے منتخب کتابیں زیادہ موزوں ہوں۔ اس مطالعہ کے دوران ٹیچر لفظوں کی طرف اشارہ کر کے بچوں کو اس میں مصروف رکھتا ہے۔ اس سے بچوں کو ایک پڑھنے والے کی حیثیت سے شامل ہونے کا موقع ملتا ہے۔ Shared Reading ، پڑھنے کے عمل اور طریقہ وکار کا نمونہ پیش کرتی ہے۔ ٹیچر بچوں کی توجہ متن کی طرف دلواتا ہے اور پڑھنے کے ابتدائی رویے کا نمونہ پیش کرتا ہے۔ مثلاً انگلش میں بائیں سے دائیں طرف اور اردو میں دائیں سے بائیں طرف پڑھنا اور لفظوں سے لفظ ملانا۔ Shared Reading سے بچوں کے لئے آزادانہ ماحول پیدا ہوتا ہے اور بچے کہانی میں دلچسپی لیتے ہوئے متوجہ رہتے ہیں۔ منتخب شدہ کتابوں میں بچوں کے لئے دلچسپی کے امکانات زیادہ ہونے چاہئیں۔ خواندگی کے ابتدائی مرحلہ میں بہت سے متن ایسے ہوتے ہیں جس میں مطالعہ کو دہرایا جاسکتا ہے یا ایسی نظمیں ہوتی ہیں جن سے کہانی کو بار بار پڑھنے کے باوجود دلچسپی میں اضافہ ہوتا ہے۔ بچوں کو پڑھنے کے طریقے سکھانے کیلئے نمونے کے طور پر ٹیچر اس کتاب کو پڑھتا ہے۔



پڑھانے کے طریقے:


☆ بچوں کو کتاب کے قریب ایک جگہ پر جمع کر لیں تاکہ اس کتاب کو ہر بچہ آسانی سے دیکھ سکے۔
☆ کتاب کا تعارف کروائیں۔ عنوان، مرکزی خیال، تعارفی صفحہ اور وضاحتوں کے متعلق بچوں سے پیش گوئی کروائیں۔
☆ پہلے تصویر کو پڑھیں اور اس کے متعلق بات چیت کریں۔
☆ تصویریں دکھاتے ہوئے ٹیچر پوری کہانی پڑھے۔
☆ کہانی کو دوبارہ پڑھیں اور بچوں کو فقرات مکمل کرنے پر آمادہ کیا جائے۔
☆ آہستہ آہستہ ٹیچر کیساتھ بچے شامل ہوتے جائیں حتٰی کہ ٹیچر کی آواز مدہم ہو جائے اور بچے اپنے طور پر پڑھ رہے ہوں۔
☆ Big Book کو دو ہفتوں تک استعمال کیا جا سکتا ہے اور پھر دوبارہ استعمال کریں حتٰی کہ بچے خود بخود پڑھنے کے قابل ہو جائیں۔

Big Book سے بچوں کو اس حد تک لے جایا جا سکتا ہے کہ بچے اس کہانی کو روانی سے پڑھ سکیں اور

- الفاظ کی شناخت کر سکیں۔
- ایک فقرہ پڑھ سکیں۔
- ایک خاص آواز سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کر سکیں۔
- ہم آواز لفظوں کو پہچان سکیں۔



امی بولیں "چلو بازار سے کپڑا لائیں۔ پھر میں تمہارا جوڑا سی دوں گی"۔



"لیکن امی میں کپڑا خود پسند کروں گی"۔ امی بولیں۔ "ٹھیک ہے"

حروف، ان کی آوازیں اور ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) سکھانے کیلئے سرگرمیاں:

ایک اچھا پڑھنے اور لکھنے والا بننے کیلئے بچوں کو اردو میں آوازوں سے الفاظ بنانے آنے چاہیں اور انگلش میں حروف دیکھ کر الفاظ بنانے آنے چاہیں یعنی پہلے انہیں اس قابل ہونا چاہیے کہ ابتدائی آوازوں کو پہچان کر الفاظ بنا سکیں۔ مثلاً انگلش میں بے قاعدہ الفاظ (Done,Gone,Goes, One) اور اردو میں حروف کی مختلف اشکال کو یاد کرنے کی ضرورت ہے۔

حرف اور آواز کے باہمی تعلق کو سیکھنا کسی بھی زبان کی ایک اہم مہارت ہے۔ کوئی بھی حرف تین جہتوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

- حرف کی آواز (ب)
- حرف کی شکل (B)
- حرف کا نام (بی)

مثلاً انگریزی کے حرف B کی آواز (ب) شکل B اور نام (بی) ہے۔ بچوں کو محض نام نہ سکھائے جائیں بلکہ حروف کی آوازیں بھی سکھائی جائیں بچوں کو کوئی جانی پہچانی تصویر یا چیز دکھا کر اس کی ابتدائی آواز سے آگاہ کیا جائے۔ کسی تصویر، چیز یا لفظ اور پھر اس کے ابتدائی حرف کی آواز سے بچے اس قابل ہوتے ہیں کہ وہ آواز کو حرف کے ساتھ با معنی انداز میں جوڑ سکیں۔ انگلش یا اردو کے حروف اور آوازوں کی مشق سے مراد اُن کو لکھنا ہے۔ ضروری نہیں کہ یہ لکھنا پہلی دفعہ ہی درست ہو بلکہ یہ صرف ایک کوشش ہے۔ ڈرائنگ ایک پری رائٹنگ (Pre Writing) سرگرمی ہے، جو حروف، انکی آوازوں اور الفاظ کو لکھنے کی سوجھ بوجھ کیلئے بہت اہم ہے۔ ڈرائنگ ان تمام مہارتوں کیلئے مشق مہیا کرتی ہے جو لکھنے کیلئے ضروری ہے۔ ڈرائنگ کی سرگرمی کی

ایک مثال درج ذیل ہے۔

- کوئی تصویر بنائیں۔ یہ تصویر کسی کتاب یا استاد کی ڈرائنگ کی نقل نہ ہو، تصویر کو نام دیں، تصویر پر کچھ الفاظ لکھیں یا الفاظ کے ابتدائی حروف لکھیں مثلاً "د" درخت کیلئے، "س" سیب کیلئے۔
- بچے استاد کو بتائیں کہ وہ تصویر کے ذریعے کیا کہنا چاہتے ہیں اور استاد تصویر پر بچوں کے بولے ہوئے الفاظ لکھے۔ اس تصویر کو دیوار یا رسّی پر لگائیں۔ کلاس میں، گھر میں یا کسی دوسری کلاس میں بچے کو دینے کیلئے یہ تصویر لیٹر بکس میں ڈال دیں۔

حروف اوران کی آوازوں کی مشق کیلئے عمل:

- I spy with my little eye, something beginning with the sound ....

خالی جگہ پر آواز بتائیں۔اگر ممکن ہو تو آواز سے متعلقہ حرف دکھائیں اور لکھیں۔

- Picture Snap

اس میں ایک ہی حرف سے شروع ہونیوالی اشیاء کا ایک ایک جوڑ ابنائیں مثلاً بلی،بکری وغیرہ۔

- Picture Dominoes

لفظ کی ابتدائی آواز اور تصویر ملائیں۔

- کلاس میں حروف تقسیم کر دیئے جائیں۔جب Key words بولے جائیں تو جن بچوں کے پاس ان الفاظ کے ابتدائی حروف ہوں وہ کھڑے ہو جائیں اور کلاس کو دکھائیں۔

- Bingo

اس میں استاد حرف کی آواز بولے اور گروپ کے بچے ان آوازوں سے شروع ہونیوالے الفاظ ڈھانپیں۔

- تصویر یا کسی چیز کو استعمال کرنا:

جب کسی حرف کی آواز سنیں تو اس سے متعلقہ تصویر یا چیز کی نشاندہی کریں۔اس کے ساتھ اس حرف سے بننے والے کچھ اور الفاظ بھی بتائیں۔



Letter of the day or week

کلاس روم میں کسی چارٹ پر کوئی حرف لکھ کر لٹکایا جائے بچے اس کے پاس اس حرف سے شروع ہونیوالی چیزیں لائیں، تصویریں بنائیں اور الفاظ تلاش کریں۔

الفاظ اور معانی سکھانے کیلئے بہت سی سرگرمیاں کی جاسکتی ہیں:

- Concentration
- Picture- word Bingo
- Snap
- الفاظ کو دوبارہ دہرانا
- Word and Picture Dominoes
- Drawing and Writing Labels
- چیزوں پر Lable لگانا۔
- چیزوں یا چارٹ پر نام لکھنا۔
- گیند پھینکنے کا کھیل۔(وہ لفظ کہیں جو بال پھینکنے والے کے الفاظ سے ہم آواز ہوں)۔

اردو اور انگریزی میں حروف تہجی کا سیکھنا


حروف تہجی سیکھنے کیلئے حرکی صلاحیت کے ساتھ ساتھ بہت زیادہ مشق کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس عمل کے دوران بچے ابتدائی حرف کی آواز بھی سیکھ سکتے ہیں۔

حرکی صلاحیتوں کی مشق درج ذیل سرگرمیوں سے ہو سکتی ہے۔

- پینٹنگ
- ڈرائنگ
- الفاظ کی اشکال میں رنگ بھرنا یا چیزوں میں رنگ بھرنا جو کہ ان الفاظ جیسی نظر آتی ہیں۔
- ہاتھ کے ارد گرد ڈرائنگ کرنا، پھر ہر انگلی پر ایک نمبر لکھ کر گنتی کی مشق کرنا۔
- کیا کچھ حروف اس حرف سے شروع ہونے والی چیزوں کی طرح نظر آتے ہیں؟ کیا ان کی شکلیں ایک جیسی ہیں؟

بچوں کو حروف کی اشکال سیکھنے کی مشق ان طریقوں سے کروا سکتے ہیں:

- ہوا میں بڑی بڑی حرکات۔
- ریت یا گیلی مٹی پر چھڑی کے ساتھ حروف کی اشکال بنانا۔
- تختی پر قلم اور دوات سے حروف لکھنا۔
- دانوں یا دالوں کے ساتھ حروف کی اشکال بنانا۔



ان تمام سرگرمیوں کے دوران اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچے درست انداز میں حروف کی اشکال بنا رہے ہیں۔ایک جیسی اشکال والے حروف کیلئے ایک خاص ترتیب سے لائینیں لگائیں۔

- کسی جملے کے پہلے حرف کو سجانا بہت دلچسپ ہوتا ہے۔انگریزی اور اردو میں ناموں کے پہلے حروف کو کتابوں، Folders پر لگا کر یا دیوار پر آویزاں کر کے سجایا جا سکتا ہے۔
- مٹی یا playdough کے ساتھ حروف بنائے جائیں اور پھر خشک ہونے کے بعد بچوں کو الفاظ کی اشکال دکھائی جائیں تا کہ وہ انہیں چھو کر محسوس کر سکیں۔
- ریت یا کاغذ سے حروف کی اشکال بنانا۔
- بچوں کی حوصلہ افزائی کرنا کہ وہ اپنی ٹانگوں یا کسی چیز پر اپنی انگلیوں کے ساتھ حروف کی اشکال بنائیں۔
- لکھنا سکھانے کیلئے بچوں کو سب سے پہلے اپنا نام لکھنا سکھایا جائے اس میں وہ زیادہ دلچسپی لیتے ہیں اور یہ ان کے لئے بامعنی بھی ہوتا ہے۔



Shared Writing

- ٹیچر ایک عنوان منتخب کرتی ہے اور اس عنوان کے بارے میں ساری کلاس گفتگو کرتی ہے۔
- پھر ٹیچر کلاس میں سے کسی ایک بچے کا بولا ہوا جملہ تختہ سیاہ پر لکھتی جاتی ہے۔
- تمام کلاس اس جملے میں کسی اضافے یا تبدیلی کیلئے بحث ومباحثہ کرتی ہے۔

- اس طرح اگلا جملہ لکھا جاتا ہے یہاں تک کہ کہانی مکمل ہو جائے۔
- ہر بچے کیلئے یہ کہانی پڑھی بھی جائے اور پھر تمام بچے مل کر یہ کہانی پڑھیں (یہاں یہ Shared Reading والی سرگرمی بن جاتی ہے)
- ٹیچر یا بڑی کلاس کے بچے اس کہانی کو کارڈز پر یا Big Book کی صورت میں لکھ سکتے ہیں اور کلاس اس کہانی کو تصاویر بنا کر بیان کر سکتی ہے۔
- جو بچے لکھ نہیں سکتے وہ کہانی Draw کر کے کسی اچھا لکھنے والے کو کہانی سنائیں گے۔ وہ اچھا لکھنے والا گروپ کا لیڈر یا کسی بڑی کلاس کا بچہ ہو سکتا ہے۔
- کہانی یا جملے ساری کلاس کے سامنے دکھائیں اور ہر بچہ ان کو پڑھے۔
- جیسے ہی بچے کچھ الفاظ سیکھ جائیں وہ سیکھے ہوئے الفاظ ڈرائنگ (تصاویر) کے نیچے لکھتے جائیں۔

Draw and Write

- ٹیچر یا بڑا بچہ اس تصویر سے متعلقہ الفاظ لکھتا ہے۔
- بچے الفاظ یا جملے تصاویر پر لکھتے ہیں۔
- بچے جب کام کر کے لائیں تو انہیں کہا جائے کہ ٹیچر کو دکھانے سے پہلے وہ اپنے کام کو دیکھیں اور اس میں سے غلطیاں نکال کر درست کریں۔



سرگرمیوں کی تفصیل

Post Box



کمرۂ جماعت کے ایک کونے میں Post Box بنائیں۔
کلاس میں بچے ایک دوسرے کیلئے خط لکھیں اور ڈرائنگ بنائیں
ہر روز ایک بچہ ڈاکیا بن کر خط کلاس میں تقسیم کرے۔
یہ عمل مختلف جماعتوں میں، گھر اور سکول میں یا مختلف سکولوں کے درمیان کیا جاسکتا ہے۔



Bingo تیار کرنے کا طریقہ

- کارڈز کا ایک سیٹ تیار کریں جس میں ہر کارڈ کو چھ حصوں میں تقسیم کریں۔
- کم از کم بارہ الفاظ تیار کریں۔
- ہر کارڈ کے چھ ڈبوں میں چھ تصویریں بنائیں۔
- ہر کارڈ پر ایک تصویر مختلف ہونی چاہیے۔
- بوتلوں کے ڈھکنے لیں یا خالی کارڈ بنا لیں۔

گائے	بطخ	اونٹ
چوزا	گھوڑا	بلی

Cow	Duck	Camel
Chick	Horse	Cat

Bingo کھیلنے کا طریقہ

- ہر بچے کو ایک کارڈ دیں۔
- تمام الفاظ کو کسی ڈبے یا بیگ میں ڈال دیں۔
- ایک بچہ ڈبے یا بیگ میں سے نکال کر الفاظ بولتا ہے (ایک وقت میں ایک لفظ) باقی بچے اس تصویر کو ڈھانپ دیں گے۔
- جو بچہ سب سے پہلے کارڈ مکمل کرے گا وہ جیت جائے گا۔

Bingo کو درج ذیل مقاصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

- حروف تہجی سکھانے کیلیے
- چیزوں کے نام سکھانے کیلیے۔
- متضاد الفاظ سکھانے کیلیے
- مترادف الفاظ سکھانے کیلیے

لیکن ٹیچر اسے اور مقاصد کے لئے بھی استعمال کر سکتا ہے۔ یہ اس کی مہارت اور تجربے پر منحصر ہے۔

Picture Dominoes

- کچھ کارڈز لیں۔
- ہر کارڈ کو درمیان سے دو حصوں میں تقسیم کریں۔
- کارڈ کے بائیں طرف تصویر ہو اور دائیں طرف کوئی دوسرا حرف ہو۔
- ایک کارڈ کا حرف دوسرے کارڈ کی تصویر سے ملتا ہو۔
- ان کارڈز کو ایک لائن میں بنائیں ورنہ آپ الجھ جائیں گے۔


چ



ا



ب



Picture Dominoes

کھیلنے کا طریقہ


- گروپ میں کارڈز برابر برابر تقسیم کر دیں۔
- ہر بچہ اپنے کارڈز دوسروں سے چھپائے رکھے۔
- پہلا بچہ ایک کارڈ کو نیچے رکھے۔
- اگلا بچہ ایسا کارڈ اس کے ساتھ رکھے جس کی تصویر پہلے پھینکے ہوئے کارڈ کے حرف سے ملتی ہو یا اس کا حرف اس کی تصویر سے ملتا ہو۔
- اس طرح یہ کھیل چلتا رہے گا۔
- جیتنے والا وہ بچہ ہو گا جو اپنے تمام کارڈ پہلے استعمال کر لیگا۔
- اس کی مدد سے آپ تمام حروف سکھا سکتے ہیں۔

Learning Outcomes

- کسی تصویر کے ساتھ منسوب کرنے سے بچے میں حرف کی شناخت پختہ ہوتی ہے۔
- تصویروں کو پہچاننے سے بچوں میں مشاہدے کی حس تیز ہوتی ہے۔
- بچوں کی تفہیم میں اضافہ ہوتا ہے۔

Snap

- جو الفاظ سکھانے ہیں ان الفاظ کی لسٹ تیار کریں۔
- ہر لفظ کے بہت سے (گروپ میں موجود بچوں کی تعداد کے مطابق) کارڈز بنائیں۔
- یہ کارڈز بچوں میں برابر تقسیم کئے جائیں اور اس بات کا خیال رکھیں کہ کارڈز اُلٹے رخ تقسیم کئے جائیں۔
- ہر بچہ اپنی باری پر ایک کارڈ سیدھے رخ زمین پر رکھے اور ساتھ ہی لکھا ہوا لفظ اونچی آواز میں بولے۔
- جب ایک ہی لفظ کے دو کارڈز اکٹھے ہو جائیں تو جو بچہ سب سے پہلے ان کارڈز کو دیکھ کر نوٹ کرے کہ یہ ایک ہی لفظ کے دو کارڈز ہیں تو وہ Snap کہتے ہوئے اپنا ہاتھ ان کارڈز پر رکھ دے اور تمام کارڈز وہ بچہ لے لے گا۔
- اس طرح یہ کھیل جاری رہے گا یہاں تک کہ تمام کارڈز ختم ہو جائیں جس بچے کے پاس سب سے زیادہ کارڈز ہوں گے وہ جیت جائے گا۔



Learning Outcomes


بچے کھیل ہی کھیل میں نئے سیکھے ہوئے الفاظ کی مشق کریں گے۔ ان کا تلفظ بہتر ہوگا۔ اس کے علاوہ اسے الفاظ معنی، متضاد الفاظ سکھانے کیلئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

Look, Cover, Write, Check

گیم بنانے کا طریقہ

- کچھ کارڈز لیں۔ ہر کارڈ کو درمیان سے تہہ کر لیں۔
- ہر کارڈ کے اندر ایک لفظ لکھا ہوا اور باہر کی طرف اس لفظ کی تصویر ہو۔

اس طرح جو الفاظ سکھانے ہوں ان سب کے کارڈز بنا لیں۔



Concentration بنانے کا طریقہ

- کچھ فلیش کارڈز لیں۔
- ہر کارڈ کو چار حصوں میں کاٹ لیں۔
- سکھائے جانے والے الفاظ اور تصاویر ان کارڈز پر بنائیں۔ (کارڈز پر صرف الفاظ بھی لکھے جا سکتے ہیں، اگر صرف الفاظ لکھیں تو ہر لفظ کے دو دو کارڈز تیار کریں)
- یہ کارڈز کافی تعداد میں بنائیں۔

کھیلنے کا طریقہ

- تمام کارڈز میز یا زمین پر اُلٹے رُخ بکھیر دیں۔
- پہلا بچہ باری لے گا اور الفاظ والے کارڈز میں سے ایک کارڈ اُٹھائے گا اور اس پر لکھا ہوا لفظ اُونچی آواز میں پڑھے گا پھر تصاویر والے کارڈز میں سے ایک کارڈ اُٹھائے گا اگر تصویر لفظ سے ملتی ہو تو وہ دونوں کارڈز اپنے پاس رکھ لے گا اور دوبارہ باری لے گا۔ جب تک دونوں کارڈز ملتے جائیں گے باری چلتی جائے گی۔
- اگر کارڈز نہ ملیں تو اگلا بچہ باری لے گا۔
- جو کارڈز آپس میں نہیں ملتے انھیں واپس اُسی جگہ رکھا جائے جہاں سے اُٹھائے ہوں۔
- اس طرح بچے یہ گیم کھیلتے جائیں گے حتیٰ کہ تمام کارڈز ختم ہو جائیں گے۔
- جس بچے کے پاس سب سے زیادہ کارڈز ہوں گے وہ جیت جائے گا۔

Lesson Plan (Class III)

In the Market: Lesson #15 (English) Integrated to Lesson #13 (Urdu).

یہ اسباق فروٹ اور سبزیوں سے متعلقہ ذخیرۂ الفاظ کیلیے استعمال ہوتے ہیں۔ان کے ذریعے بچے پھلوں اور سبزیوں کے ذخیرۂ الفاظ، سادہ Verb کو لکھنا، پڑھنا اور بولنا سیکھتے ہیں اور کلو اور درجن میں فرق کے تصور کو سمجھ سکتے ہیں۔تیسری کلاس کے بچے عام طور پر یہ الفاظ اردو میں پہلے سے جانتے ہیں اور ٹیچر کو اردو زبان استعمال کرتے ہوئے انگلش سکھانی چاہیے۔تاکہ اردو زبان کے سیکھنے کا عمل بھی پختہ ہو سکے۔

Learning Outcomes

- بچے پھلوں اور سبزیوں کے ناموں کو پڑھ اور لکھ سکتے ہیں اور ان ناموں کو تصویروں کے ساتھ ملا سکتے ہیں۔
- سکھائے جانے والے Verb جیسے Carry,Buy,Go کو بول سکتے ہیں اور لکھ سکتے ہیں۔
- ان الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے سادہ، چھوٹے چھوٹے فقرات بنا سکتے ہیں۔
- ٹیکسٹ بک میں دیئے گئے مکالمہ کو ادا کر سکتے ہیں اور اس کا مفہوم سمجھ سکتے ہیں۔

سرگرمیاں:

Shop 1

اعداد، درجن اور کلو کے تصور کی دہرائی اور مزید پختگی کے لئے مندرجہ ذیل سرگرمی کروائی جاسکتی ہے:

کلاس میں ایک بچہ دکاندار کا کردار ادا کرے۔دکان میں پھل اور سبزیوں کی تصاویر اور ماڈل استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ہر چیز کے ساتھ اس کی قیمت فی کلو اور فی درجن لکھی ہو۔ باقی بچے باری باری کیشئر کے پاس جائیں گے۔کیشئر ان سے کوئی آسان سا سوال پوچھے گا۔صحیح جواب دینے پر ایک کارڈ دیگا۔اس کارڈ پر لکھی ہوئی رقم کے مطابق بچے دکان پر جا کر خریداری کریں گے۔



2 Picture Talk

ٹیچر کتاب میں موجود تصویر کے متعلق مختلف سوالات پوچھتی ہے۔اس کے لئے وہ اردو کا استعمال کرتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ انگلش کے الفاظ بھی (جو سکھانے ہیں) استعمال کرتی ہے۔



3 Drawing


اس سرگرمی کے ذریعے بچے انگلش الفاظ کے ساتھ ان کے معانی کو ملا سکتے ہیں اور ان کا اردو کا ذخیرہ الفاظ بھی مزید واضح ہو جاتا ہے۔

- بچے اپنی کاپی پر اپنے پھل یا سبزی کی تصویر بنائیں اور باقی جماعت کو دکھائیں۔ٹیچر اردو میں اس پھل یا سبزی کا نام پوچھتی ہے۔پھر پوچھے کہ کیا کوئی اس کا انگریزی میں نام جانتا ہے۔اگر ضروری سمجھے تو ٹیچر اس کا انگریزی میں نام سکھائے اور ساتھ ہی بورڈ پر لکھ دے۔بچوں کی ڈرائنگ کو دیوار پر لگا دیا جائے۔



دو ٹیمیں بنائیں

ٹیچر کسی پھل یا سبزی کا نام بولے اور ہر ٹیم میں سے ایک ایک بچہ اس کی تصویر بنانے کے لئے بورڈ کی طرف بھاگے۔
یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ٹیچر کسی پھل یا سبزی کی تصویر بنائے اور دونوں ٹیمیں اسکا نام بتائیں یا استاد صرف دکھائے اور بچے اس کا نام بولیں اور لکھیں۔



نوٹ:۔ یہ کھیل اردو یا انگریزی کے الفاظ اور ان کے معانی سیکھنے میں بچوں کے لئے مفید ہوتے ہیں۔ اس لئے یہ کھیل کسی بھی کلاس کے کسی بھی سبق کے لئے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

4 زبانی الفاظ سیکھنا۔

کھیل / سرگرمی۔
ٹیچر درسی کتاب سے یہ مکمل فقرہ بولے۔
بچے یہ فقرہ یاد رکھیں۔

Sana, Asif and mother are in the market and they buy......

ہر بچہ اس میں اپنی باری پر مکمل فقرہ بولتے ہوئے ایک پھل یا سبزی کا اضافہ کرتا جائے۔ اگر غلطی ہوجائے تو یہ سرگرمی دوبارہ شروع کی جائے۔

5 ذخیرۂ الفاظ

مطلوبہ الفاظ سکھانے کے لئے ان سے متعلقہ کچھ سرگرمیاں کی جائیں۔تا کہ بچے پڑھنے اور لکھنے کے لئے الفاظ سیکھ سکیں اور ان کے معانی سیکھ سکیں۔

- Snap
- Picture Dominoes
- Bingo
- Concentration
- ذخیرۂ الفاظ لکھنا (Writing Vocabulary)

بچوں کو انگریزی کے الفاظ مجموعی طور پر سیکھنے چاہئیں تا کہ وہ ان حروف کو سیکھ سکیں جو ان الفاظ میں ایک ساتھ آتے ہیں۔حروف کے نام بول کر سیکھنا یا ان کی آوازوں سے الفاظ سیکھنا، انگلش میں رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔یاداشت کے محدود ہونے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ پہلے سے معلوم لفظ سے بچے اور الفاظ نہیں بنا سکتے جبکہ الفاظ کو دیکھ کر سیکھنے سے بچے کچھ اور الفاظ بھی سیکھ سکتے ہیں جو دیکھنے میں ان الفاظ کی طرح کے ہوتے ہیں اگرچہ ان کا تلفظ ویسا نہیں ہوتا۔

مثلاً۔

ear

hear

heard

heart

beard

bear

near

early

earth

Poem

بچوں کو spellings سکھانے کیلئے ایسی کوئی نظم بھی تیار کی جا سکتی ہے جس میں بچے الفاظ کو مختلف حصوں میں دیکھ سکیں۔ اس طرح لفظوں کے اندر دیکھنے سے بچے آسانی کے ساتھ الفاظ کے spellings یاد رکھ سکتے ہیں۔ کیونکہ اس میں ایسے الفاظ متعارف کروائے جاتے ہیں جن سے بچے پہلے سے آشنا ہوتے ہیں یا بچے ان کو آسانی سے یاد رکھ سکتے ہیں۔

No More Eating

To that man we go
Just to buy mango
Then we ran to nana
And we ate banana
Oranges and dates
That were in plates
And then yes please!
We will eat the peas
Come near O, dear
You can have a pear
No more eating now
No more eating now

6 مارکیٹ کی تصویر بنائیں اور اس کے نیچے چھوٹے چھوٹے فقرے لکھیں۔

i کمزور ترین بچے اپنی ڈرائنگ کے متعلق فقرہ بول سکتے ہیں۔

ii نسبتاً بڑا بچہ یا ٹیچر فقرہ لکھنے میں ان کی مدد کر سکتا ہے۔

Look, Cover, Write and Check.

بچوں کو الفاظ کے spellings سکھانے کے لئے ہم یہ سرگرمی استعمال کر سکتے ہیں:

اس سرگرمی میں بچے لفظ کو

دیکھتے ہیں	Look
ڈھانپتے ہیں	Cover
لکھتے ہیں	Write
چیک کرتے ہیں	Check

اس طریقے سے سیکھے ہوئے اردو اور انگلش کے الفاظ بچے کبھی نہیں بھولتے۔

انڈیا میں ایک تحقیق کے مطابق اس طریقے سے پرائمری سکول کے بچوں نے انگلش اور تیلگو کے بہت سے الفاظ سیکھ لئے اور وہ اپنی تحریر کو لکھنا اور اس کی تالیف (editing) کرنا بھی سیکھ چکے تھے۔



iii بہت چھوٹے یا کمزور بچے الفاظ کے صرف پہلے حروف لکھ سکتے ہیں اور بڑے بچے یا ٹیچر پورا فقرہ اس کے نیچے لکھ دیں۔

iv زیادہ لائق بچے مکمل فقرہ لکھ سکتے ہیں۔

7 Zig-zag Book بنائیں۔

i کمزور بچے صرف ڈرائنگ بنا سکتے ہیں۔

ii کچھ بچے ڈرائنگ کے نیچے صرف لفظ لکھ سکتے ہیں۔

iii نسبتاً لائق بچے مکمل فقرہ لکھ سکتے ہیں۔

iv ذہین بچے مارکیٹ کے بارے میں کہانی لکھ سکتے ہیں۔

v کاپی سے ایک کاغذ لے کر 6 صفحات کی ایک چھوٹی کتاب بنائیں (Small Book)

8 Shared Writing

استاد بچوں کی مدد سے تختہ سیاہ پر ایک مشترکہ کہانی لکھے۔ایک بچہ ایک فقرہ بولے اور باری باری بچے اس میں ایک ایک فقرے کا اضافہ کرتے جائیں۔ اس طرح یہ ایک مکمل کہانی بن جائے گی۔

i بچے اس کہانی کے لئے تصاویر بنا سکتے ہیں۔

ii ٹیچر Big Book میں یہ کہانی لکھ سکتا ہے۔ ہر صفحے پر ایک فقرہ ہو۔

9 Assessment

i بچے درسی کتاب میں دیئے گئے سوالات کو آسانی سے پڑھ اور لکھ سکتے ہیں یہ بچوں کی تدریس کا جائزہ (Assessment) ہوگا۔

ii درسی کتاب سے Dialogue پڑھیں۔

iii گروپوں کی صورت میں کلاس میں Dialogue پیش کیا جائے۔

iv Role play کے لئے بچے اپنے الفاظ بنائیں اور گروپوں میں اس کی مشق کریں۔ (یہ اردو کے لئے زیادہ مفید ہے)

10 Extension

اس سبق کو ہم

i ریاضی کے مختلف تصورات سکھانے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔

ii سائنس میں "جانداروں کی خوراک" کے متعلق پڑھا سکتے ہیں۔

سبق میں استعمال ہونے والی سرگرمیاں

Activities used in the Lesson Plan

Bingo

Bingo تیار کرنے کا طریقہ

- کارڈز کا ایک سیٹ تیار کریں جس میں ہر کارڈ کو چھ حصوں میں تقسیم کریں۔

- کم از کم بارہ الفاظ تیار کریں۔

Potatoes	Ginger	Peas
Grapes	Dates	Oranges

Okra	Bananas	Basket
Tomatoes	Kilo	Onion

- ہر کارڈ کے چھ ڈبوں میں چھ تصویریں بنائیں۔



- ہر کارڈ پر ایک تصویر مختلف ہونی چاہیے۔




- بوتلوں کے ڈھکنے لیں یا خالی کارڈز بنا لیں۔

Bingo کھیلنے کا طریقہ

1۔ ہر بچے کو ایک کارڈ دیں۔
2۔ تمام الفاظ کسی ڈبے یا لفافے میں ڈال لیں۔
3۔ ایک بچہ ڈبے یا لفافے میں سے الفاظ نکال کر بولتا ہے (ایک وقت میں ایک لفظ) باقی بچے الفاظ سے متعلقہ تصاویر کو ڈھانپیں گے۔
4۔ جو بچہ کارڈ کی تمام تصاویر ڈھانپ لے گا وہ جیت جائے گا۔

Bingo کو درج ذیل مقاصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

- حروف تہجی سکھانے کیلئے
- حروف کی آوازیں سکھانے کیلئے
- چیزوں کے نام سکھانے کیلئے
- متضاد الفاظ سکھانے کیلئے



- مترادف الفاظ سکھانے کیلئے

لیکن ٹیچر اسے دوسرے مقاصد کے لئے بھی استعمال کر سکتا ہے۔ یہ اس کی مہارت اور تجربے پر منحصر ہے۔

نوٹ

یہ صرف چند مثالیں ہیں bingo کے ذریعے بہت سے دوسرے اسباق بھی پڑھائے جا سکتے ہیں


Picture Dominoes



- VIP کارڈ یا اس سائز کے کارڈز استعمال کریں۔



- ہر کارڈ کو درمیان سے دو حصوں میں تقسیم کریں۔



- کارڈ کے بائیں طرف تصویر ہو اور دائیں طرف کوئی دوسرا لفظ ہو۔
- ایک کارڈ پر دیا گیا لفظ دوسرے کارڈ پر دی گئی تصویر سے ملتا ہو۔





- ان کارڈز کو ایک لائن میں بنائیں ورنہ آپ الجھ جائیں گے۔















کھیلنے کا طریقہ

- گروپ کے بچوں میں کارڈز برابر برابر تقسیم کر دیں۔
- ہر بچہ اپنے کارڈز دوسروں سے چھپائے رکھے۔
- پہلا بچہ ایک کارڈ کو نیچے رکھے گا
- اگلا بچہ ایسا کارڈ اس کے ساتھ رکھے گا جس کی تصویر پہلے پھینکے ہوئے کارڈ کے لفظ سے ملتی ہو گی یا اس کا لفظ اس کی تصویر سے ملتا ہو گا۔


















- اگر دوسرے بچے کے پاس ملتا ہوا کارڈ نہ ہو تو تیسرا بچہ کارڈ ملائے گا۔
- اس طرح کھیل جاری رہے گا۔
- جو بچہ اپنے تمام کارڈز استعمال کرے گا وہ جیت جائے گا۔

Snap

- کارڈز کے دو سیٹ بنائیں، جن میں سے ایک سیٹ پر تصاویر اور دوسرے پر الفاظ ہوں۔


تصاویر




نام

Potatoes	Ginger	Okra	Onion
Grapes	Peas	Bananas	Tomatoes
Dates	Oranges	Basket	Kilo

- یہ کارڈز بچوں میں برابر تقسیم کیے جائیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ کارڈز اُلٹے تقسیم کیے جائیں۔




- ہر بچہ اپنی باری پر ایک کارڈ سیدھے رُخ زمین یا میز پر رکھے۔ اگر تصویر اور لفظ ایک ہوں تو جو بچہ پہچان کر دونوں کارڈز پر ہاتھ رکھ کر Snap بولے گا تمام کارڈز اس کے ہو جائیں گے۔



onion

snap



ginger

snap



bananas


snap

- یہ کھیل تمام کارڈز ختم ہونے تک جاری رہے گا۔ زیادہ کارڈز والا بچہ جیت جائے گا۔



okra

~~snap~~



onion

~~snap~~

Concentration


بنانے کا طریقہ

- کچھ فلیش کارڈز لیں۔
- ہر کارڈ کو چار حصوں میں کاٹ لیں۔
- سکھائے جانے والے الفاظ اور تصاویر ان کارڈز پر بنائیں۔

نام

Potatoes	okra
ginger	grapes
tomatoes	onion

تصاویر




- یہ کارڈز کافی تعداد میں بنائیں۔

کھیلنے کا طریقہ

- تمام کارڈز میز یا زمین پر اُلٹے رُخ بکھیر دیں۔

	grapes



- پہلا بچہ باری لے گا اور الفاظ والے کارڈز میں سے ایک کارڈ اُٹھائے گا اور اس پر لکھا ہوا لفظ اُونچی آواز میں پڑھے گا پھر تصاویر والے کارڈز میں سے ایک کارڈ اُٹھائے گا اگر تصویر لفظ سے ملتی ہو تو وہ دونوں کارڈز اپنے پاس رکھ لے گا اور دوبارہ باری لے گا۔ جب تک دونوں کارڈز ملتے جائیں گے باری چلتی جائے گی۔

			dates
		okra	

- اگر کارڈز نہ ملیں تو اگلا بچہ باری لے گا۔
- جو کارڈز آپس میں نہیں ملتے انھیں واپس اُسی جگہ رکھا جائے جہاں سے اُٹھائے ہوں۔ باقی بچے یاد رکھیں کہ کون سا کارڈ کہاں رکھا ہے۔

			dates
		onion	

- اس طرح بچے یہ گیم کھیلتے جائیں گے حتیٰ کہ تمام کارڈز ختم ہو جائیں گے۔
- جس بچے کے پاس سب سے زیادہ کارڈز ہوں گے وہ جیت جائے گا۔

Lesson Plan (Class II)

کلاس: دوئم　　　　مضمون: اردو　　　　سبق: سفر کے ذرائع

اس سبق میں بچے سفر کے ذرائع کے نام سیکھیں گے۔

بچے ان ذرائع کے ناموں سے پہلے ہی آشنا ہوتے ہیں۔

لیکن اس سبق میں ان کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں گے۔ مثلاً

- یہ ذرائع کیسے چلتے ہیں؟
- یہ کس رفتار سے چلتے ہیں؟
- شہر اور دیہات میں کون کونسے سفر کے ذرائع استعمال ہوتے ہیں اور یہ شہری اور دیہاتی ماحول پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟

بچے اس سبق سے کیا سیکھیں گے؟ (Learning Outcomes)

اس سبق سے بچے

- سفر کے ذرائع کے نام لکھنا اور پڑھنا سیکھیں گے۔
- سفر کے ذرائع کے ناموں کو ان کی تصاویر سے ملائیں گے۔
- ان ذرائع کے متعلق چھوٹے چھوٹے فقرے بول، لکھ اور پڑھ سکیں گے۔
- مختلف الفاظ مثلاً سوار، دھکیلنا، چلتی، رفتار، ٹریفک، راستے وغیرہ کو بول اور لکھ سکیں گے۔
- سفر کے سست رفتار اور تیز رفتار ذرائع کے نام بتائیں گے۔
- ماحول پر ٹریفک کے اثرات کے بارے میں بات چیت کریں گے۔

سبق کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے سرگرمیاں

سوالات کے ذریعہ بچوں سے معلومات حاصل کرنا:

ٹیچر بچوں سے پوچھے کہ وہ سکول کس طرح آتے ہیں؟ کیا وہ کبھی کسی دوسرے شہر گئے ہیں؟ کیا وہ کبھی کسی کے ساتھ بازار گئے ہیں؟ اگر وہ گئے ہیں تو کس سواری پر گئے ہیں؟ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی پوچھا جاسکتا ہے کہ اگر آپ نے دوسرے شہر جانا ہو تو کس طرح جائیں گے؟

ڈرائینگ (Drawing)

جب بچے مندرجہ بالا تمام سوالات کے جوابات دے چکیں تو انہیں کہا جائے کہ وہ اپنی اپنی سواری کی تصویر بنائیں اور اس کا نام بھی لکھیں۔ اگر بچے پورا نام نہیں لکھ سکتے تو ابتدائی حرف لکھ دیں۔ اس کیلئے ٹیچر یا بڑے بچے ان کی مدد کر سکتے ہیں۔

بچے اپنی بنائی ہوئی تصویر ساری کلاس کو دکھائیں اس دوران ٹیچر بچوں کے لکھے ہوئے نام بھی پوچھے اور دوسرے بچوں سے یہ بھی پوچھے کہ یہ نام غلط لکھا ہوا ہے یا درست۔ اس سوال سے دو چیزوں کی جانچ ہو رہی ہے۔ ایک یہ کہ کتنے بچے اس لفظ کو جانتے ہیں اور دوسری بات یہ کہ اس بچے نے یہ لفظ درست لکھا ہے یا غلط۔ اگر بچے نے لفظ درست لکھا ہو تو ٹیچر اس کی حوصلہ افزائی کرے۔ ورنہ وہ اس لفظ کی مشق کرواتے ہوئے بچوں کو Look, Cover, Write, Check والی سرگرمی کی طرف لے آئے اور باقی الفاظ کی بھی مشق کروائے۔

دیکھنا، ڈھانپنا، لکھنا اور چیک کرنا (Look, Cover, Write, Check)

ٹیچر سبق میں موجود الفاظ کو باری باری تختۂ سیاہ پر لکھے۔ جب ایک لفظ لکھا جائے تو بچوں سے کہا جائے کہ اسے غور سے دیکھیں۔ پھر ٹیچر وہ لفظ مٹا دے اور بچے اسے اپنی کاپی پر لکھیں۔ ٹیچر وہی لفظ دوبارہ لکھے اور بچے اپنا لکھا ہوا لفظ چیک کریں۔ اگر کچھ بچوں نے لفظ غلط لکھا ہو تو ٹیچر دوبارہ یہی عمل دہرائے حتٰی کہ تمام بچے یا زیادہ تر بچے سیکھ جائیں۔

تفریحی سیر کا منصوبہ (گروہی سرگرمی)

- بچوں سے کہا جائے گا کہ ہر بچہ کہیں سیر پر جانے کا منصوبہ بنائے اور یہ بھی بتائے کہ وہ اس جگہ پہنچنے کے لئے کونسا ذریعہ استعمال کرے گا۔
- جب تمام بچے منصوبہ بنا لیں تو بچوں کو سفر کے ذرائع کے مطابق گروپوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ مثلاً بس پر جانے والے ایک گروپ میں، تانگے پر جانے والے دوسرے گروپ میں۔
- ہر گروپ میں موجود تمام بچے لکھیں کہ وہ اس چیز پر کیوں جانا چاہتے ہیں۔
- ہر گروپ کا لیڈر، گروپ کی مشترکہ رائے کو کلاس کے سامنے پیش کرے۔

ماحول کے بارے میں سرگرمی

کلاس کو تین گروپوں میں تقسیم کریں اور درج ذیل سرگرمی کرنے کو کہیں :

گروپ 1

اس گروپ کو ایک کاغذ دیا جائے۔ بچے باری باری اس کاغذ پر اچھے ماحول کے بارے میں ایک ایک لفظ یا فقرہ لکھیں۔ گروپ لیڈر، ان لفظوں اور فقروں کو آکر کلاس کے سامنے پیش کرے۔ ٹیچر اس پر مزید بحث کر کے بچوں میں صاف ماحول کی اہمیت کو اجاگر کرے۔

گروپ 2

اس گروپ کو ایک کاغذ دیا جائے۔ بچے باری باری اس کاغذ پر آلودہ ماحول کے بارے میں ایک ایک فقرہ یا صرف لفظ لکھیں۔ گروپ لیڈر، ان لفظوں اور فقروں کو کلاس کے سامنے پیش کرے۔ ٹیچر، آلودہ ماحول کے نقصانات پر مزید بحث کرے۔

گروپ 3

اس گروپ کو ایک کاغذ کو دیا جائے۔ ہر بچہ ماحول کو آلودہ کرنے والی چیزوں کے ناموں میں ایک ایک کا اضافہ کرتا جائے۔ آخر میں گروپ لیڈر، یہ نام بیان کرے۔ اس کے بعد ٹیچر آلودگی کے موضوع پر بچوں کو مزید معلومات دے اور آلودگی پیدا کرنے میں ذرائع آمدورفت کے کردار پر روشنی ڈالے۔

Assessment

سرگرمی:

سفر کے تمام ذرائع کے نام لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان کو اس طرح ترتیب دیں کہ سب سے کم رفتار والی چیز سب سے پہلے اور سب سے زیادہ رفتار والی چیز سب سے آخر میں آئے۔

سرگرمی:

آلودگی کی اقسام کے نام بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہا جائے کہ جو ذرائع جس قسم کی آلودگی پیدا کرتے ہیں ان کے نام متعلقہ خانے میں لکھیں۔

سرگرمی:

بچے پٹرول سے چلنے والی چیزوں کے نام لکھیں۔ بچے پٹرول کے بغیر چلنے والی چیزوں کے نام لکھیں۔

Extension

- معاشرتی علوم میں ذرائع آمدورفت کا تصور دینے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔
- سائنس میں حرکت کا تصور دینے کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔



Strategic Policy Unit
D.C.O. Office
Near Iqbal Stadium Faisalabad
Pakistan
Tel / Fax: +92 (0) 419201256
Tel / Fax: +92 (0) 419201257
E-mail: email@spu.com.pk
Internet: http://www.spu.com.pk

Education Department
Institute of Learning
Govt. Technical High School,
Peoples Colony, Near D-Ground,
Faisalabad, Pakistan
Tel / Fax: +92 (0) 41 9220636-7
Edu. Dept. Tel: +92 (0) 41 9220342
Edu. Dept. Fax: +92 (0) 41 9220107

Management Consultants
GHK International Ltd.
526 Fulham Road, London, SW6 5NR
United Kingdom
Tel: +44 (0) 20 74718000
Fax: +44 (0) 20 7736 0784
E-mail: email@ghkint.com
Internet: http://www.ghkint.com
Internet: http://www.ghkpak.com